(۵)

نام کتاب : امام لاہوری کے رسائل

مرتب : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت:334صفحات قیمت:درج نہیں

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابو ہریرہ' خالق آباد نوشہرہ

مولانا احمد علی لاہوری (پیدائش ۱۳۰۴ھ وفات ۱۳۸۱ھ) مولانا عبیداللہ سندھی کے شاگرد خاص تھے۔ آپ کی روحانی تربیت بھی انہی کے ہاتھوں ہوئی۔ جوہر قابل دیکھ کر مولانا سندھی نے اپنی بیٹی ان کی زوجیت میں دے دی۔ مولانا احمد علی اپنے وقت کے جید عالم' مفسر قرآن اور بلند پایہ مفکر اسلام تھے۔ انہوں نے ساری زندگی درس و تدریس میں گزاری۔ قرآن پاک کے ساتھ انہیں خصوصی لگاؤ تھا۔ ۱۹۲۰ء سے آخری سانس تک آپ لاہور میں مقیم رہے ہیں۔ اس دوران آپ نے درس قرآن کا سلسلہ شروع کیا جو عوام و خواص میں یکساں مقبول ہوا۔ آپ مسلمانوں کے اصلاح احوال کے لیے زندگی بھر جدوجہد کرتے رہے۔ ہفت روزہ خدام الدین جاری کیا جس میں آپ کے خطبہ جمعہ اور مجلس ذکر کی تلخیص کے علاوہ اصلاحی اور تحقیقی مضامین ہوتے تھے۔

صدیقی ٹرسٹ کراچی ایک معروف دینی ادارہ ہے جو فہم دین کے سلسلہ میں معمولی ضخامت کی مطبوعات شائع کرتا ہے۔ انہوں نے شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوری کے چھوٹے چھوٹے رسائل کی اشاعت کا اہتمام کیا۔ ان خطبات کو مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے ترتیب دے کر کتابی شکل میں شائع کر دیا ہے۔ رسائل تحقیقی اور علمی مسائل پر مشتمل ہیں جن میں ردّ مرزائیت پر بھی مسکت مواد موجود ہے۔ غلط رسوم و رواج جو مسلمانوں میں پائے جاتے ہیں ان کا ذکر کر کے اصلاح احوال کی راہ دکھائی ہے۔ الغرض حنفی مسلک رکھنے والوں کے لیے خاص طور پر یہ ایک مفید اور راہ نما کتاب ہے۔

(۶)

نام کتاب : مرویات سیدہ عائشہ صدّیقہ و سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہما

مرتب : مولانا سید الرحمٰن علوی

ضخامت:151صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابو ہریرہ' برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ

احکامِ شرعیہ کی بنیاد وحی الٰہی پر ہے جو کہ قرآن و حدیث کی شکل میں اُمتِ مسلمہ کے پاس موجود ہے۔ دنیا و آخرت میں فلاح و ہدایت کا حصول اسی صورت میں ممکن ہے جب کتاب و سنت کو مضبوطی سے تھاما جائے اور ان